تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 18 2024

پریس ریلیز

## اے ٹی اینڈ ٹی گلوبل نیٹ ورک سروسز انڈیا کے ایم ڈی اینڈ سی ای او کا جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خطاب

شعبہ مینجمنٹ اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے 'دی اسٹریٹیجی پیراڈکس اینڈ ہاؤ ٹو میٹی گیٹ اٹ' کے موضوع پر جناب ارن کرنا ایم ڈی، سی ای او گلوبل نیٹ ورک سروسز انڈیا کے پرمغز خطاب کا خیر مقدم کیا۔ اس ایونٹ کو ایم بی اے ایف بی پروگرام نے منعقد کیا تھا جو تمام علوم وفنون کے طلبہ کے ساتھ ساتھ تمام حاضرین کے لیے ایک ثروت مند پلیٹ فارم تھا۔

صدر شعبہ پروفیسر پنکج کمار کے خطبے کے بعد جناب کرنا نے مینجمنٹ کے اہم پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے طلبہ کے ساتھ ایک دلچسپ مذاکرہ کیا۔ اس میں پرنسپلز آف ریکویزیٹ سے لے کر اسٹریٹیجک فلیکس ایبلیٹی تک کے اہم موضوعات پر انھوں نے طلبہ سے بات چیت کی۔ انھوں نے بتایا کہ کس طرح تنظیمیں اور انجمنیں غیر یقینی کی صورت حال میں پنپ اور نشو ونما پا سکتی ہیں۔ انھوں نے جو بصیرت سے بھرپور باتیں کیں ان میں اسٹریٹیجک پیرامیڈ، انڈراسٹینڈنگ پرپز، اسٹریٹیجی اینڈ ایکزیکیوشن شامل تھیں۔ چار سطحوں یعنی کارپوریٹ، بزنس، فنکشنل اور آپریشنل حکمت عملیوں کو بھی اجاگر کیا۔ منظرنامے کی منصوبہ بندی اور اپنے حساب سے ڈھال لینے کی صلاحیت اور رجائیت سے بھرپور حکمت عملیوں کے انتظام کے لیے عملی اپروچ کو بھی واضح کیا۔

ڈاکٹر یاسمین رضوی نے خوش اسلوبی سے پروگرام منظّم کیا تھا جس کی حیثیت صرف ایک خطبے کی نہیں تھی بلکہ یہ ایک دلچسپ اجلاس تھا جس نے علمی آموزش اور انڈسٹری مہارت کی خلیج کو کم کیا اور جس سے طلبہ میں تحریک پیدا ہوئی اور ان میں ہمارے آس پاس کی دنیا کے حقیقی چیلنجز سے نبرد آزمائی کا حوصلہ پیدا ہوا۔

پروگرام کا اختتام جناب ارن کرنا کی خدمت میں ان کے گراں قدر خیالات کے ساتھ ساتھ ان کی دستیابی کے تئیں جذبہ امتنان کے اظہار کے ساتھ ہوا۔ شعبہ اسی نوع کے مزید پروگرام مستقبل میں بھی کرانے کا منصوبہ رکھتا ہے تا کہ طلبہ میں مستقبل کی مطلوبہ صلاحیتیں پیدا ہوسکیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی